105467 ـ منہ میں موجود باقی ماندہ کھانے کے ذرات نگلنا

سوال

اگر روزے دار میں دانتوں میں کھانے کے ذرات باقی رہ جائيں اور نگل لیے جائيں تو کیا اس سے روزہ ٹوٹ جائيگا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

" جب کوئی شخص روزہ رکھے اور صبح اس کے دانتوں میں کھانے کے باقی ماندہ ذرات ہوں تو یہ اس کے روزے پر اثرانداز نہیں ہوتے، لیکن اسے یہ ذرات باہر نکال کر ان سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہیے، روزے پر اثرانداز تو نگلنے کی صورت میں ہونگے، چنانچہ جب دانتوں میں موجود باقی ماندہ کھانا جان بوجھ کر نگل لیا جائے تو اس سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے.

لیکن اگر اس نے بھول کر یا جاہل ہونے کی صورت میں اسے نگل لیا تو یہ اس کے روزے پر اثرانداز نہیں ہو گا، مسلمان کو کھانے کے بعد اپنے دانتوں اور منہ کی صفائی کا خیال کرنا چاہیے، چاہے روزہ کی حالت میں ہو یا بغیر روزہ کے، کیونکہ مسلمان سے صفائی مطلوب ہے " انتہی .